نورعدن نام رکھنا کیسا؟

مجیب: مولانا احمد سلیم عطاری مدنی

فتوی نمبر:WAT-2413

تاریخ اجراء: 18رجب المرجب1445ھ/30جنوری2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

بیٹی کا نام نور عدن رکھنا کیسا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

"نورِ عَدن" نام رکھنا جائز ہے۔"نور"کا معنی"روشنی" ہے اور"عَدن" کے بارے میں ایک قول یہ ہے کہ "عَدن" جنت میں ایک خاص جگہ کا نام ہے اور ایک قول یہ ہے کہ "عَدن" جنت کی صفت ہے۔اس اعتبار سے "نورِعدن" کا معنی "جنتِ عَدن کی روشنی" ہے۔

البتہ بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات، بیٹیوں، نانیوں، دادیوں، صحابیات رضی اللہ عنہن اور نیک خواتین کے نام پر رکھا جائے کہ حدیث پاک میں اچھے لوگوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، نیز امید ہے کہ اچھے نام کی برکت اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی بچی کے شامل حال ہو گی۔

مزید معلومات کے لئے مکتبۃ المدینہ سے شائع کردہ رسالہ "**نام رکھنے کے احکام**" کا مطالعہ کریں، اس میں اچھے نام بھی موجود ہیں۔

قرآن پاک میں ہے﴿ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا وَ مَسٰكِنَ طَیِّبَةً فِیْ جَنّٰتِ عَدْنٍؕ وَ رِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ﴾ ترجمہ: اللہ نے مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں سے جنتوں کا وعدہ فرمایا ہے جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، ان میں ہمیشہ رہیں گے اور عدن کے باغات میں پاکیزہ رہائشوں کا (وعدہ فرمایا ہے) اور اللہ کی رضا سب سے بڑی چیز ہے۔یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔(القرآن، سورۃالتوبہ، پارۃ 10، آیت 72)

اس کے تحت تفسیر صراط الجنان میں ہے"ایک قول یہ ہے کہ "عَدن" جنت میں ایک خاص جگہ کا نام ہے اور ایک قول یہ ہے کہ عدن جنت کی صفت ہے۔ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ایک روایت یہ ہے کہ جنتیں آٹھ ہیں اور ان کے نام یہ ہیں (1) دارُ الجلال۔ (2) دارُ القرار۔ (3) دارُ السلام۔ (4) **جنتِ عدن**۔ (5) جنتِ مأویٰ۔ (6) جنتِ خُلد۔ (7) جنتِ فِردوس۔ (8) جنتِ نعیم۔" (تفسیر صراط الجنان، جلد4، تحت ھذہ الآیۃ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net